روزنامہ خبریں
Daily KHABRAIN

Tuesday, December 13, 2011

خواتین پر ظلم کے خاتمے کا بل اہم سنگ میل ہے: فضہ گیلانی

بل کے نتیجہ میں خواتین کو بہتر ماحول میں عزت و وقار کیساتھ رہنے کا موقع ملے گا

پی پی حکومت نے خواتین کو باوقار بنانے کے نصب العین کا تہیہ کر رکھا ہے

اسلام آباد (اے پی پی) سفیر خیر سگالی برائے خواتین سیدہ فضہ بتول گیلانی نے سینٹ کی جانب سے خواتین کے خلاف مظالم کے خاتمہ کے بل2008ء

باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر7

اسلام آباد: مسلم لیگ ق کی سینئر رہنما نیلوفر بختیار، مسز فرخ خان و دیگر مسلم لیگی خواتین کے ہمراہ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر خواتین کے حقوق کے بل کی منظوری کا مطالبہ کر رہی ہیں۔

بقیہ نمبر7 // فضہ بتول گیلانی

کی منظوری کو خواتین کو باوقار بنائے جانے کی جانب ایک اہم سنگمیل قرار دیا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ اس بل کے نتیجہ میں پاکستان خواتین کو بہتر سماجی ماحول میں عزت اور وقار کے ساتھ رہنے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے خواتین کے حقوق کے فروغ اور تحفظ کیلئے جمہوری حکومت کے اقدامات کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ قبل ازیں اس سال کے اوائل میں کام کی جگہوں پر خواتین کو ہراساں کئے جانے کے خلاف ایکٹ 2010ء کا اطلاق خواتین کو باوقار بنانے کے نصب العین کا ٹھوس تہیہ کر رکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہید بینظیر بھٹو خواتین کی ترقی کو بہت اہمیت دیتی تھیں جنہوں نے ان کے حقوق کی بحالی کیلئے مربوط جدوجہد کی۔ انہوں نے کہا خواتین کے خلاف ایسی رسومات کے خاتمہ کیلئے عوامی رائے عامہ ہموار کرنے کی ضرورت ہے اور میڈیا اور خواتین کی تنظیموں کو خواتین کو معاشرہ کا مفید شہری بنانے کیلئے موثر کردار ادا کرنا چاہیے۔